In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

Ref/زیرحوالہ
Date/تاریخ

خدااوراسلام سے سچی محبت کرنے کے لئے کسی بھی شخص کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے وطن سے محبت کرے۔امام جماعت احمدیہ عالمگیر

احمدیہ مسلم جماعت بھارت تمام دیش واسیوں کو ''یوم جمہوریہ'' کے موقع پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتی ہے۔

26رجنوری وہ تاریخ سازدن ہے جو ہندوستان کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔آج سے 73 سال قبل ہندوستان کی آزادی کے ڈھائی سال بعد سن 1950ء میں ہندوستان میں جمہوری نظام حکومت کے نفاذ کا اعلان کیا گیا۔

ہندوستان کو یہ فخر حاصل ہے کہ یہ آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا جمہوری ملک ہے جہاں ہر مذہب وملت،رنگ ونسل،مختلف ثقافت اور مختلف زبانوں کے لوگ بستے ہیں۔

امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سن 2012ء میں جرمنی میں ارشاد فرمودہ ایک خطاب میں فرمایا:

''حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے یہ تعلیم دی ہے کہ ''وطن سے محبت ایمان کا حصہ ہے''۔لہذا اسلام اپنے ہر پیروکار سے مخلصانہ حب الوطنی کا تقاضا کرتا ہے۔خدااوراسلام سے سچی محبت کرنے کے لئے کسی بھی شخص کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے وطن سے محبت کرے۔لہذا یہ بالکل واضح ہے کہ کسی شخص کی خدا سے محبت اور وطن سے محبت کے درمیان کوئی ٹکراؤ نہیں ہوسکتا۔چونکہ وطن سے محبت کو اسلام کا ایک رکن بنادیا گیا ہے اس لئے یہ واضح ہے کہ ایک مسلمان کو اپنے وطن سے وفاداری کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے کیونکہ یہ خدا سے ملنے اور اس کا قرب حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔اس لئے یہ ناممکن ہے کہ ایک حقیقی مسلمان کی خدا سے محبت،اس کی وطن سے سچی محبت اوروفاداری کی راہ میں کبھی رکاوٹ کا باعث بنے۔''

اپنے روحانی امام کی ان نصیحتوں پر عمل کرتے ہوئے بھارت کا ہر احمدی باشندہ اپنے وطن عزیز ہندوستان اور تمام ہم وطن بھائیوں سے بے پناہ محبت کرتا ہے اور قانون کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے اپنے ملک کی ترقی اور فلاح وبہبود کے لئے ہمہ تن ہر قسم کی خدمت کے لئے تیار رہتا ہے۔